Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی دفتر پر رات گئے مسلح یلغار اور توڑ پھوڑ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت پر مینڈیٹ چور سرکار کی رات کے اندھیرے میں یلغار کی شدید مذمت۔ دھونس، لاقانونیت اور طاقت کے اندھے استعمال کے سامنے نہ جھکنے اور حقیقی آزادی کے ایجنڈے سے کسی طور دستبردار نہ ہونے عزم کا اعادہ

مینڈیٹ چور اور ان کے حواری اپنے انجام نگاہوں کے سامنے دیکھ کر باؤلے ہو گئے ہیں،

تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹریٹ پر غیر قانونی یلغار ان کے باطن میں موجود خوف کی عکّاس ہے،

آئین و قانون سے ہماری اٹل وابستگی اور پرامن طریقے سے سیاسی جدوجہد آگے بڑھانے کے عزم کو احمق ہماری کمزوری سمجھ رہے ہیں، قائد عمران خان کو قید، بلے کے نشان کو چھین کر سمجھتے تھے کہ عوام کے دلوں سے عمران خان کے نظریے کی چھاپ کو کھرچ ڈالیں گے،

آج مرکزی سیکرٹریٹ توڑ کر سمجھتے ہیں کہ ہمیں غیر فعّال یا بانی چیئرمین عمران خان کی کال پر ملک کے طول و عرض سے امڈتے عوامی سمندر کے آگے بند باندھ لیں گے،

تحریک انصاف نے پچھلے دو سال سے ان بدمعاشوں کی ہر بدمعاشی کا جواب آئین و قانون کے دائرے میں رہ کر دیا ہے،

پاکستان کا ہر گھر تحریک انصاف کا مرکز بن چکا ہے، عمران خان اللہ کے فضل سے ہر دل میں بستا ہے،

ایک لمحے کو رُکیں گے نہ ہی اب انہیں وطنِ عزیز میں لاقانونیت، غنڈہ گردی اور بدمعاشی کا گندہ کھیل مزید جاری رکھنے کی اجازت دیں گے، قوم بانی چیئرمین عمران خان کی کال کی منتظر ہے، مینڈیٹ چور غنڈوں اور پردوں کے پیچھے سے لاقانونیت پھیلانے والوں سے پورا حساب لیا جائے گا،

طاقت اور جبر کے کسی حربے سے مرعوب ہوں گے نہ ہی قوم کی حقیقی آزادی کیلئے کپتان کے حکم کے مطابق ملک گیر احتجاج کی تیاریوں میں کمی آنے دیں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ